SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم علیا حضرت هز هائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

نمبر۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ ذی الحجہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۳ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء [جلد ۵۵

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۱
۲	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	،،
۳	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ -	۳
۴	حکم سوشل جج صاحب	،،

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس عالیہ جناب چیف منسٹر بہادر

حکم

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دی جاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ ۳۰ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیہ جناب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۳ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۶۷ تحتی قاعدہ (۲) کے بجائے تحتی قاعدہ (۲) اور قاعدہ ۶۹ تحتی قاعدہ (۲) کے بجائے تحتی قاعدہ (۳) بہ مضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۲-۱۱۲۰-او آر-ایم مورخہ ۲۷ نومبر ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کو آرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

حکم اجلاس عالیہ جناب انسپکٹر جنرل صاحب بہادر پولیس

نوٹس

پٹرول راشننگ آرڈر

موٹر اسپرٹ راشن آرڈر ریاست رامپور کے تحت جزو شمار کے (۱) فقرہ ۱۷ ضمن ۳ سفر کرنے والے افسران جنکو (اے ا ڈی) سپلیمنٹری کوپن دیئے جا چکے ہیں وہ ان نوٹس کا جواب دیں جنکو کہ وہ صرف کر چکے ہیں۔

(۲) یہ ضروری ہے کہ مندرجہ بالا اطلاع ایک نقشہ کی شکل میں بھیجا جاوے جس سے انکے سفر کی تفصیل جو کہ انھوں نے پچھلے مہینہ میں کیا ہے ظاہر ہو سکے اور کل میزان میلوں کی بھی جو ہر روز طے کیگئی ہوں۔ معلوم ہو سکے۔

(۳) ابرائے آئندہ سپلیمنٹری کوپن کے حصول کیلئے درخواست فارم (K) کے ساتھ حسب ذیل نقشہ لازمی طور پر شامل کیا جاوے۔

نمونہ فارم جو کہ درخواست سپلیمنٹری کوپن کے ہمراہ ہوگا۔

تاریخ	از	تا	تعداد میل	مقاصد سفر
۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء	رامپور	ملک	۲۰ میل	معائنہ دستی پل
۲۲ ״ ״	ملک	شاہ آباد	۱۷ ״	״
۲۳ ״ ״		وغیرہ	وغیرہ ״	معائنہ کار تعمیر

محکمہ .... دستخط عہدہ افسر

افسر صاحب غیر استعمال شدہ سپلیمنٹری کوپن کی کتاب بلی راشننگ افسر صاحب کے نذر متعین واپس کردینگے۔ اور استعمال شدہ کوپن کے سرورق بھی تا ٹیل کور کی بھی واپسی ضروری ہوگی۔ ۱۷ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیہ جناب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ من ابتدا ۲۶ دسمبر ۱۹۴۱ء لغایۃ یکم جنوری ۱۹۴۲ء بغرض اشاعت
اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسلہ ۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۴۱ء
دستخط ایکٹنگ عالیمرتبت جناب چیف جسٹس بہادر۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۶ دسمبر ۱۹۴۱ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	-	-	-
۲۷ "	شنبہ	عالیمرتبت جناب مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری۔	تپن خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۲۲۵ و ۳۳۲ تعزیرات رامپور	اپیل ملزم تپن خاں اسطرح منظور ہو کہ ملزم جرم دفعہ ۳۳۲ تعزیرات رامپور سے بری ہو۔ اور تحت دفعہ ۲۲۵ تعزیرات رامپور بجائے چھ ماہ قید سخت کے چار ماہ قید سخت برداشت کرے اور پندرہ روپیہ جرمانہ ادا کرے بصورت عدم ادائے جرمانہ ایکماہ مزید قید سخت میں رہے۔
۲۸ "	یکشنبہ	تعطیل یوم مبارک حج۔ ۲۹ دسمبر ۱۹۴۱ء لغایۃ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۱ء تعطیل عید الضحیٰ۔ یکم جنوری ۱۹۴۲ء تعطیل نیو ایرس ڈے۔			

حکم سول جج صاحب

نمبر مسل ۲۹ منفصلہ ۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء

عزیز احمد ولد نظیر احمد قوم سقہ ساکن رامپور محلہ چاہ خزان خاں سائل۔

بنام

شیخ امن ولد لالہ لکھمن لال و کشن لال ولد بھگوان داس قوم ویش پیشہ تجارت وغیرہ ساکنان محلہ کوچہ [illegible]۔

حکم ہوا کہ

درخواست منظور ہے حکم قرارداد دیوالیہ منسوخ کیا جاتا ہے چونکہ دیوالیہ کے پاس کوئی اثاثہ نہیں ہے
لہذا صرفہ طباعت سے معافی دیجاتی ہے۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط سول جج صاحب